نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا حَدِيْثًا فَحَفِظَهُ حَتّٰى يُبَلِّغَهُ . (ابو داود)

اللّٰہ عزوجل اس شخص کو تر وتازہ رکھے (یعنی خوش وخرم رکھے) جس نے ہم سے کسی حدیث کو سن کر یاد کیا یہاں تک کہ اسے (دوسروں تک) پہنچا دیا۔

(سنن ابو داود، کتاب العلم،باب فضل نشر العلم 3/450،حدیث 3660 دار احیاء التراث العربی)

# انوار الحدیث




فقیہ ملت حضرت علامہ مولانا مفتی
جلال الدین احمد امجدی علیہ رحمۃ اللہ القوی



مکتبۃ المدینہ
(دعوت اسلامی)
SC1286

المدینۃ العلمیۃ
(دعوت اسلامی)

554 احادیث اور 474 مسائل کا مستند ذخیرہ

# اَنوارُ الحدیث

فقیہ ملت حضرت علامہ مولانا مفتی

جلال الدین احمد امجدی

علیہ رحمۃ اللہ القوی

پیشکش

مجلس المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)

(شعبۂ درسی کتب)

ناشر

مکتبۃ المدینہ باب المدینہ کراچی

الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ وعلی الک واصحابک یا حبیب اللہ


نام کتاب : أنوار الحديث

پیش کش : مجلس المدينة العلمية (شعبۂ درسی کتب)

سن طباعت : ۹شوال المکرم ۱۴۳۲ھ بمطابق 8 ستمبر 2011ء

کل صفحات : 466 صفحات

ناشر : مکتبۃ المدینہ فیضانِ مدینہ باب المدینہ کراچی

قیمت :


## مکتبة المدینہ کی شاخیں

| | | |
|---|---|---|
| ......کراچی : شہید مسجد، کھارادر، باب المدینہ کراچی | | فون:021-32203311 |
| ......لاهور : داتادربار مارکیٹ، گنج بخش روڈ | | فون:042-37311679 |
| ......سردار آباد : (فیصل آباد) امین پور بازار | | فون:041-2632625 |
| ......کشمیر : چوک شہیداں، میر پور | | فون:058274-37212 |
| ......حیدر آباد : فیضانِ مدینہ، آفندی ٹاؤن | | فون:022-2620122 |
| ......ملتان : نزد پیپل والی مسجد، اندرون بوہڑ گیٹ | | فون:061-4511192 |
| ......اوکاڑه : کالج روڈ بالمقابل غوثیہ مسجد، نزد تحصیل کونسل ہال | | فون:044-2550767 |
| ......راولپنڈی : فضل داد پلازہ، کمیٹی چوک، اقبال روڈ | | فون:051-5553765 |
| ......خان پور : دُرانی چوک، نہر کنارہ | | فون:068-5571686 |
| ......نواب شاه : چکرا بازار، نزد MCB | | فون:0244-4362145 |
| ......سکهر : فیضانِ مدینہ، بیراج روڈ | | فون:071-5619195 |
| ......گوجرانواله : فیضانِ مدینہ، شیخوپورہ موڑ، گوجرانوالہ | | فون:055-4225653 |
| ......پشاور : فیضانِ مدینہ، گلبرگ نمبر1، النور سٹریٹ، صدر | | |


E.mail: ilmia@dawateislami.netE.mail:

www.dawateislami.net

# جنتی اور جہنمی فرقہ

①"عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالَى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَأتِيَنَّ عَلَى أُمَّتِيْ كَمَا أَتَى عَلَى بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ حَذْوَ النَّعْلِ بِالنَّعْلِ حَتَّى إِنْ كَانَ مِنْهُمْ مَنْ أَتَى أُمَّهُ عَلَانِيَةً لَكَانَ فِيْ أُمَّتِيْ مَنْ يَصْنَعُ ذٰلِكَ وَإِنَّ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ تَفَرَّقَتْ عَلٰى ثِنْتَيْنِ وَ سَبْعِيْنَ مِلَّةً وَتَفْتَرِقُ أُمَّتِيْ عَلٰى ثَلٰثٍ وَّسَبْعِيْنَ مِلَّةً كُلُّهُمْ فِي النَّارِ إِلَّا مِلَّةً وَّاحِدَةً قَالُوْا مَنْ هِيَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ مَا أَنَا عَلَيْهِ وَأَصْحَابِي"[1] (ترمذی، مشکوۃ)

حضرتِ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسولِ کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا کہ میری امت پر ایک زمانہ ضرور ایسا آئے گا جیسا کہ بنی اسرائیل پر آیا تھا۔ بالکل ہو بہو ایک دوسرے کے مطابق۔ یہاں تک کہ بنی اسرائیل میں سے اگر کسی نے اپنی ماں سے علانیہ بدفعلی کی ہوگی تو میری امت میں ضرور کوئی ہوگا جو ایسا کرے گا۔ اور بنی اسرائیل بہتّر مذہبوں میں بٹ گئے تھے اور میری امت تہتر مذہبوں میں بٹ جائے گی۔ ان میں ایک مذہب والوں کے سوا باقی تمام مذاہب والے ناری اور جہنمی ہوں گے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم) وہ ایک مذہب والے کون ہیں؟ (یعنی ان کی پہچان کیا ہے؟) حضور صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم نے فرمایا وہ لوگ اسی مذہب وملت پر قائم رہیں گے جس پر میں ہوں اور میرے صحابہ ہیں۔

②"عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ خَطَّ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالَى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطاً ثُمَّ قَالَ هٰذَا سَبِيْلُ اللّٰهِ ثُمَّ خَطَّ خُطُوْطاً

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ سرکارِ اقدس صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم نے ہمیں سمجھانے کے لیے ایک (سیدھی) لکیر کھینچی پھر

---

[1] ......"سنن الترمذی"، کتاب الإیمان، باب ما جاء فی افتراق هذه الأمة، ج٤، ص٢٩١.
"مشکاة المصابیح"، کتاب الإیمان، باب الاعتصام بالکتاب والسنة، الحدیث: ١٧١، ج١، ص٥٤.